Estd. 1934

یادگار محترمہ خاتون اکرم جنت مکانی

جوہر نسواں دہلی

مالک پرنٹر پبلشر
رازق الخیری
ایڈیٹر عصمت

آمنہ نازلی

جوہر نسواں دہلی

نواں سال | فہرست ماہ جولائی سنہ ۱۹۴۳ء | جلد ۹ نمبر ۵

اطلاع اختتام سال

جن بہنوں اور بھائیوں کا سال خریداری اس جولائی کے پرچہ کے ساتھ ختم ہوتا ہے ان کے خریداری نمبر یہ ہیں-۱۰۱۲-
۱۵۴۳-۱۹۳۲-۳۷۲۸-۳۷۴۷-۳۹۶۷-۴۵۲۳-
۴۵۵۶-۴۵۶۳-۴۵۶۹-۴۵۷۲-۴۵۸۱-۴۶۱۱-
۴۶۱۷-۴۶۲۹-۴۸۸۸-۴۸۹۴-۵۳۳۹-۶۲۱۱-
۶۲۲۶تا۶۲۲۹-۶۲۳۲-۶۲۳۵-۶۲۳۹تا۶۲۴۱-
۶۲۴۳-۶۲۴۴-۶۲۴۶-۶۲۴۷تا۶۲۵۰-۶۲۵۲-۶۲۵۴-
۶۲۵۷-۶۲۶۰-۶۲۶۲-۶۲۶۴-۶۲۶۷-۶۲۶۸-
۶۲۷۱تا۶۲۷۳-۶۲۷۹-۶۲۸۳-۶۲۹۱-۶۳۲۴-
۶۴۶۱-۶۵۱۲-۶۵۲۳-۶۵۳۳-۶۵۴۴-۶۶۰۷-
۶۶۱۸-۶۶۳۸-۶۷۶۳-۶۸۹۵-۶۸۹۷-۶۹۱۲-
۶۹۲۰-۶۹۲۳-۶۹۲۶-۶۹۳۰-۶۹۴۱-۶۹۴۲-
۶۹۴۴-۶۹۴۵-۶۹۵۰-۶۹۵۸-۶۹۶۰-۶۹۶۲تا
۶۹۷۱-۶۹۷۶-۶۹۷۸-۶۹۷۹تا۶۹۸۳-۶۹۸۸-
۶۹۹۱-۶۹۹۲-۷۰۰۱تا۷۰۰۳-۷۰۰۵-۷۰۱۷-
۷۰۱۸-۷۰۳۵-۷۰۷۱-۷۰۸۳-۷۱۳-۷۱۹۵-
۷۱۹۶-۷۲۰۷-۷۳۷۳-۷۳۹۵-۷۴۰۴-(۹۱۱۸
۷۱۴۴) جن بہنوں کے خریداری نمبر اوپر لکھے گئے ہیں۔ وہ مہربانی فرما کر جلد سے بذریعہ منی آرڈر آئندہ سال کا چندہ بھیجدیں۔ اگر کسی وجہ سے آئندہ کے لئے پرچہ بند کرنا ہو تو خریداری نمبر کے حوالہ سے انکاری اطلاع دیدیں۔ ورنہ ان کی خاموشی آئندہ سال کے لئے خریداری کی رضامندی سمجھی جائیگی یعنی یہ سمجھا جائیگا کہ آئندہ کے لئے وی پی کا انتظار ہے۔ لہذا اگست کا رسالہ ہے کا وی پی بھیجا جائیگا۔ محترم بہنوں سے امید ہے کہ اپنے پرچہ کو وی پی کی واپسی کا نقصان نہ پہونچائیں گی۔

منیجر

(باہتمام صادق الخیری پرنٹر پبلشر محبوب المطابع دہلی میں چھپ کر دفتر عصمت دریاگنج کوچہ چیلان دہلی سے شائع ہوا)

خیاطی

گلا

نمبر (۱) کی پٹیاں چار کاٹیے جیسے کلی کاٹتے ہیں۔ پھر ایک چوکور کپڑے میں سے نمبر (۲) کا حصّہ قطع کر لیجئے۔ ایک ٹکڑے میں سے دونوں حصّے کٹ جائینگے۔

نمبر (۳) سہ کونہ کہے گا۔

اب نقشہ مدنظر رکھ کر بہت گہری چنٹ ڈال کر جھالر لگا لیجئے اور گلا فٹ کر کے جمپر میں سی لیجئے زیادہ کھلا نہ رہے اس لئے دی نما حصّہ میں بخیہ سے پٹیاں تیار کر کے حسب نمونہ لگا لیجئے۔ کف بھی گلے کی طرح سے تیار کیا جائے گا۔ کف کا نمونہ صفحہ ۵ پر دیکھئے۔

کف

ارجمند بانو بیگم - آگرہ

انڈرویر

انڈرویر

سفید لٹھے کا حسب نقشے کر استعمال کیجئے

یہ انڈرویر فراک کے لئے (اندر پہننے کو) بہت مناسب ہوگا۔ مطابق نقشہ تیار کیجئے۔

امیر حامد رضا جعفری۔ بنگلور

پیٹی کوٹ

لٹھا تین گز لے کر لمبان کے مطابق پیٹی کوٹ قطع کر لیجئے۔ کلی نہ ڈالئے اور ایک بالشت کپڑا چھوڑ کر چھ باریک باریک پلیٹیں ڈال لیجئے پھر ڈیڑھ بالشت جگہ چھوڑ کر پانچ پلیٹیں اور ڈال لیجئے۔ دونوں پلیٹوں کے درمیان خالی حصّہ میں نقشہ مذکورہ ٹریس کر کے مشین سے کاڑھ لیجئے یا ہاتھ سے جیسے دل چاہے اور گھیر میں کنگورہ کاٹ کر ہر کنگورہ کے کنارہ پر تین تین پتیاں کٹائی کے کام کی بنا لیجئے اور ہر کنگورہ کے اندر ایک ایک جالی بنا لیجئے۔

اب اوپر کپڑا موڑ کر الاسٹک لگا لیجئے بہتر تو یہ ہے کہ موجودہ وقت کی مہنگائی مدنظر رکھتے ہوئے نیفہ ڈال کر کمر بند ڈال لیجئے۔

وصیہ خاتون۔ آگرہ

کشیدہ کاری
ل کے
پھول
پتے - سبز -
پھول - کاسنی شیڈ دار
ڈال - چوکلیٹ
پتے - سبز
پھول - سرخ
ڈال - چوکلٹ
گلاب کی بیل
پھول - گلابی
زرِنج ناٹ - زرد
کلی - سُرخ
پتیاں - سبز
ہٹنیاں - سبز
ڈال - چوکلٹ
پتے - سبز
پھول - گہرا گلابی شیڈ دار
زیرہ - چوکلٹ سیاہی مائل
صفدری خاتون
بارہ بنکی
صفیہ نذیر جنجوعہ

انگوری بیل
تکیہ غلاف کا
کونہ
پھول ۔ گلابی شیڈدار
زنجیر ناٹ ۔ زرد
کلی ۔ کاسنی شیڈدار
پتیاں ۔ سبز ”
ٹہنیاں ۔ سبز ”
ص ۔ خ
صفدری خاتون

تیار شدہ حقّہ
ترکیب کے لئے ملاحظہ ہو تیار شدہ حقّہ
حمیدہ بیگم ۔ آگرہ
بیل
گلدستہ
پتیاں ۔ سلمہ سے
ڈال ۔ گجائی سے
۔ سلمہ سے
پھول ۔ اطراف کا حقّہ
نسیں ۔ سلمہ سے
کلیاں ۔ سلمہ سے
گول نشان
ستاروں سے
میزپوش ۔ ٹرے پوش
تکیہ غلاف پہ بنائیے ۔
آر ۔ کے ۔ درخشاں بجنور

فیتہ کی بوٹی

سیاہ مخملی فیتہ پر ایک ایک بالشت کے فاصلہ پر یہ بوٹیاں ٹانکیں کر کے سلمہ ستارہ سے بنائیے طرز تیاری نقشہ سے ظاہر ہے۔

رفیعہ نازلی دہلی

گلاس پوش

مخملی پھول پتوں کا کام

ریشم کے کپڑے پر حسب نقشہ کام کر کے اطراف میں پوتھ کی جھالر بنا دیجیے۔

ر۔ک۔ سجنود

ربن کا کام

فریم

اصغری خاتون

تین بیلیں

شکوپیں ستاروں کا کام

بنت بدرالدین

شکوں ستاروں کا کام

فراک

پیازی رنگ کی عمدہ سلک جتنی
ضرورت ہو۔ توئی دینے کے لئے
فیروزی سلک۔ سفید موتی۔
سفید ستارے۔ سب اشیا
منگا لینے کے بعد نقشہ کے مطابق
فراک کاٹ لیجئے اور جس طرح اوس کی
باڈی میں لائن ہو رہی ہے اسی طرح
کاٹ کر فیروزی توئی دیجئے۔ اور یہی
گھیر آستین کے آگے فیروزی سلک
لگائیے۔ اور پھر باقی فراک سی کر
مکمل کر لیجئے۔ بعد ازاں نقشہ میں
دیکھ کر موتی اور ستارے لگائیے۔

مستبشرہ خاتون ادیب فاضل

سفید ستاروں سے ہر قسم کے کپڑوں پر حسب پسند رنگوں سے حسب پسند چیز پر بنائیے۔ ہر قسم کی لائنیں سلمہ یا دھاگہ سے بنائیے۔

مقصودہ خاتون   ادیب فاضل

روپیہ کی بچت کرو
جب
تم سِلائی کرو
"فلاور باسکٹ سیونگ تھرڈ"
ہندوستان کا بنا ہوا مال ہے جس کا مقابلہ بہتر سے بہتر بدیسی دھاگے سے کیا جاسکتا ہے۔
اور پھر خوبی یہ ہے کہ سستا بھی ہے۔ اس بات کا خیال رکھئے کہ آئندہ جب آپ سلائی
کا دھاگہ خریدیں تو اپنے مستقل کلشعار سے "فلاور باسکٹ" ہی خریدیں۔
مینجنگ ایجنٹس
ولیم کرم شا اینڈ سنز
اسٹاکسٹ (تھوک فروش)،
درخواستیں بھیجیں
ہندوستان میں تیار کنندہ
ایکمے تھرڈ کمپنی لمیٹڈ
بنک آف بڑودہ بلڈنگ، اپولو اسٹریٹ
بمبئی
GUARANTEED
FLOWER BASKET
ACME THREAD CO LTD

روئی کا کام

بلّی

سنہری ساٹن پر سفید
ملائم روئی سے
بلیوں کی جوڑی بنا کر
گلے میں نیلی ساٹن کا
فیتہ باندھ دیجئے اور
تاگے سے موچھیں۔
ناک۔ آنکھیں، منہ
وغیرہ بنا کر آنکھوں کے
اندر سیاہ نگ لگائیے

یہ بلی ایک ہے ایسی
ہی دوسری طرف
بنا لیجئے۔ بعد تیاری
فریم کرا لیجئے۔

(ماخوذ)

The "Jauhar-e-Niswan" Delhi. Regd. No. L. 3418

جوہر نسواں دہلی

سال دشوال	بابت ماہ نومبر ۱۹۴۳ء	نمبر ۳

اطلاع اختتام سال

جن خواتین کا سال خریداری ماہ نومبر میں ختم ہوتا ہے انھیں دسمبر کا پرچہ وی پی بھیجا جائے گا۔ ان خواتین کے خریداری نمبر درج ذیل کئے جاتے ہیں ان سے درخواست ہے کہ منی آرڈر کے ذریعہ اپنا سالانہ چندہ تین روپیہ جس قدر جلد ممکن ہو بھیج دیں۔ جنھیں آئندہ کے لئے خریداری منظور نہ ہو فوراً انکاری خط خریداری نمبر کے حوالہ سے بھیج دیں۔ اگر ان کا چندہ یا انکاری خط ۵ دسمبر تک نہیں آیا تو اس کے یہ معنی ہوں گے کہ انھیں وی پی کا انتظار ہے۔ لہٰذا دسمبر کا پرچہ ۱۰ دسمبر کو بذریعہ وی پی حاضر ہوگا۔ امید ہے کہ کاغذ کے قحط کے اس ہولناک دور میں وی پی کی واپسی سے جوہر نسواں کی قدردان بہنیں اپنے پرچہ کو نقصان نہ پہونچائیں گی۔ ۴۵۵ - ۵۵۸ -

۶۰۳ - ۱۳۶۶ - ۱۷۴۹ - ۲۱۷۳ - ۲۸۷۱ -
۲۹۸۴ - ۳۰۱۲ - ۳۰۸۱ - ۳۱۲۵ - ۳۱۴۳ -
۴۶۸۶ - ۴۸۷۰ - ۴۸۷۲ - ۴۹۱۷ -
۵۳۴۸ - ۵۶۵۱ - ۵۶۹۱ - ۵۶۹۴ -
۵۷۲۰ - ۵۷۴۷ - ۶۳۹۷ - ۶۳۹۸ -
۶۴۳۸ - ۶۴۴۵ - ۶۴۵۶ - ۶۴۶۲ -
۶۴۸۱ - ۶۴۸۵ - ۶۴۸۸ - ۶۴۹۴ -
۶۵۵۳ - ۶۷۶۹ - ۶۸۴۹ - ۶۹۵۳ -
۷۰۰۰ - ۷۰۸۰ - ۷۰۸۷ - ۷۱۳۱ -
۷۱۳۴ - ۷۱۳۶ - ۷۱۳۹ - ۷۱۵۰ -
۷۱۵۶ - ۷۱۵۹ - ۷۱۶۱ - ۷۱۶۲ -
۷۱۶۳ - ۷۱۸۶ - (۹۵۱) ۷۳۵۳ -

منیجر

باہتمام رازق الخیری پرنٹر پبلشر محبوب المطابع دہلی میں چھپ کر دفتر رسالہ عصمت دریاگنج دہلی سے شائع ہوا

خیاطی

پرس

بٹوہ یا تھیلی

ذیل میں ایک پرس کا نمونہ دیتی ہوں جو بہت کارآمد چیز ہے۔ گھر کے پس ماندہ ٹکڑوں کو جمع کیجئے۔ اور پرس تیار کیجئے۔

مخمل۔ ساٹن یا اور کوئی موٹا دبیز کپڑا۔ استر کے لئے لٹھا یا گاڑھا۔ چند خوبصورت مخمل۔ ساٹن۔ پوتھ وغیرہ کے ٹکڑے۔

لمبان ۷۔ انچ۔ چوڑان ۴۔ انچ مخمل کا ٹکڑا لے کر اس پر رنگین لٹھے یا گاڑھے کا استر رکھئے۔ استر نمبر ۴ سے نمبر ۱ تک برابر کر کے رکھ لیجئے۔ یعنی ایک طرف مخمل اور اس کے اوپر لٹھا۔ اب جس مخمل کا پرس ہے اسی کا ٹکڑا ڈھکن کی برابر کاٹ کر الف سے ب تک رکھ کر مہین ٹانکوں سے اٹکا لیجئے۔ اور چوڑان پر تھیاں ایسی ——— لائن سے مشین سے بخیہ کر لیجئے۔ ابھی اوپر بخیہ نہ ہوگا۔

دوسرا حصہ:۔ نمبر ۱ سے ۴ تک ناپ کر ایک اچھے کپڑے کا ٹکڑا جو مضبوط ہونے کے علاوہ موٹا بھی ہو کاٹ لیجئے اور چوڑان کی طرف ایک کنارے پر خوبصورت باریک گوٹ لگا کر گوٹ پر مشین سے بخیہ کر کے پرس پر مطابق نقشہ رکھ دیجئے۔

الف
ڈھکن
ب
نمبر ۱
نمبر ۲
نمبر ۳
نمبر ۴

تیسرا حصّہ:- نمبر ۲ سے نمبر ۳ تک مندرجہ بالا طریقے سے تیار کرکے اور گوٹ پر بخیہ کرکے پرس پر رکھ دیجئے۔
چوتھا حصّہ:- نمبر ۳ سے ۴ تک تیار کیجئے اس کو ذرا خمدار تراش کر اسی طرح گوٹ لگا لیجئے اب سب ٹکڑوں پر سوئی سے لنگر (لمبے ٹانکے) کر لیجئے اور جب بالکل فٹ ہو جائے تو مشین کر لیجئے اور اب خوبصورت رنگین کپڑے کی آڑی گوٹ کتر کر بہت باریک یعنی ⌒ اتنی چاروں طرف ہاتھ سے لگا لیجئے اور پھر بہت صفائی سے مشین کر لیجئے۔ بعد تیاری ڈھکن پر دو بیچ بٹن ٹانک کر تیار شدہ بٹوہ (پرس) کی مانند تہہ کرکے کام میں لائیے۔ زیادہ رنگینی کے لئے اوپر کوئی ننھا سا پھول یا اپنا نام کاڑھ لیجئے۔

غدیر فاطمہ

یہ فراک دو سال کی بچیوں کے لئے مناسب ہے۔ ایک گز سفید وائل لے کر نقشہ کے مطابق تراش کر سی لیجئے۔

اصغری خاتون

پوری آستین کا کیکری کا جمپر

نمبر (۱) پیٹی میں کیکری کے واسطے کپڑے کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے لے کر اُن کی تین تہہ نوکیلی کر لیجئے۔ اور پھر ایک لمبی پٹی لے کر اس کے نیچے کسی اور کپڑے کا استر لگا کر درمیان میں ان کیکریوں کو سی لیجئے۔ پیٹی کے تین ٹکڑے ہوں گے۔ دائیں بائیں طرف کے نوکیلے ہوں گے اور درمیان کا سادہ لمبا ہوگا۔ نمبر (۲) گلے کی جھالر نقشہ کو مدنظر رکھ کر گہری چنٹ ڈال کر لگائیے۔ نمبر (۳) گھیر کا پھول اگر مزاج چاہے تو کاڑھ لیجئے۔ ورنہ ضروری نہیں۔

پنجابی فیشن کی قمیص

یہ قمیص ڈھائی گز کپڑے میں تیار ہو گی کپڑا حسب پسند رنگ کا ہو۔ تھوڑا سا لٹھا کالر کے لئے نمبر (۱) کے مطابق لٹھا دوہرا کر کے کالر تراشئے اور سیدھی طرف سے سی کر اندر کو موڑ دیجئے اوپر ستارے کی بیل یا بابن ٹانکئے ایسی ہی ستارے کی بیل گھیر میں بنے گی آستین میں باریک باریک پٹیاں سی کر ٹانک لی جائیں۔

سروری بیگم۔ شکوہ آباد

ٹوپا

مرینہ یا مخمل لے کر بچہ کے سر سے ناپ کرئیے کان کے نیچے سے سر کے اوپر ہوتا ہوا دوسرے کان کی طرف - چوڑان بچہ کے سر کے بالکل موافق - استر کے لئے معمولی رنگین کپڑا یا فلالین - روئی کی ہلکی سی تہہ دے کر استر ابرا اوپر نیچے رکھ کر آگے کی طرف

ایک انچ چھوڑ کر لنگر ڈال لیجئے اور جس کپڑے کا ٹوپا ہے اسی کی جھالر بہت صفائی سے تیار کر کے سامنے کے کنارے موڑ کر لگا لیجئے پھر نیچے کی طرف کے لئے تین انچ لمبی جھالر تیار لیجئے اور رکھ لیجئے - ٹوپے کے پچھلے حصہ کو مندرجہ ذیل طریقہ نمبر (۱) سے کتر کر سی لیجئے اس طرح کہ ابرے کو خالی سی لیجئے اور استر کو بعد گولائی کے اندر سے ترپئے تا کہ سیون نظر نہ آئے اور بچے کے سر پر چبھے نہیں - پھر نیچے والی جھالر کو خوب مضبوط سی لیجئے - اگر زیادہ مضبوطی منظور ہو تو مشین کر لیجئے اور سلمہ ستارہ سے بیل بنا کر - بنڈھا ٹانک لیجئے -

نمبر (۱)

یہ حصہ کاٹ کر سیا جائیگا

ادارہ

کشیدہ کاری
کُشن کے لئے خاکہ
گول گول چکروں کو اور چھوٹے سوراخوں کو کاج کی کڑھائی
سے کاڑھا جائے۔ رنگ حسب مرضی۔
بیگم مظہر الدین
رومال کے پھول
عتیق فاطمہ سعیدی

اللہ
تکیہ غلاف پر تتلی:- تتلی یا پاتری کا جسم بھورا نارنجی
جہاں گہرا ہے اور ہلکا ہے اتا دکلی درمیان کی لکیریں
نیلی منہ سیاہ۔ جھاڑ کے پتے سبز۔
لکڑی ودانے بادامی
الفاظ سیاہ - تتلی کے پر سیاہ۔
یہاں اپنا نام لکھئے
عابدہ رحیم النسا بیگم
تکیہ و چادر کا گوشہ
سیدہ راحیلہ سلطانہ

تکیہ غلاف کا کونہ
پھول عنابی شیڈدار
کلیاں نیلی اور نارنجی "
زیرے ناشابز - پتیاں سبز "
ٹہنیاں چاکلیٹ
GOOD NIGHT
صفدری خاتون - بارہ بنکی
باسکٹ:- (۱) ہرا - (۲) نیلا شیڈدار -
(۳) جامنی شیڈدار (۴) گہرا سرخ (۵)
فیروزی (۶) آسمانی شیڈدار -
(۷) پیازی
(۸) بادامی -
باسکٹ کے اوپر کی لکیریں نیلی اور ہری
جلوس بیگم

ڈالی

پھول - سرخ
ٹہنیاں - پیلی
پتے - ہرے

نورجہاں ہمایوں

منظر

نوٹ:- حروف سیاہ - دروازوں کی لکڑی چاکلیٹ - بلی سیاہ - آنکھ سرخ - مرغی صندلی و سیاہ - کلغی سرخ -
چونچ بیر سیاہ - بطخ صندلی سیاہ - کوٹ گہری آسمانی - ٹائی مرچ کے ہم رنگ - آنکھ و بال سیاہ - ٹوپی نیلی و سرخ - ہاتھ پیر منہ سیادامی -
اس کام میں آوٹ لائن کیلئے گہرا تاگہ لیا جائے باقی تمام ٹانکے رہیں پورا تاگہ بھرنا نہیں چاہئے صرف حروف پورے بھرے جائیں - زمین کی لکیریں
بھی سیاہ تاگہ کے ٹانکے کی رہیں جہاں جہاں لکیریں ہیں -

عابدہ عزیز النساء بیگم حیدرآباد دکن

مرکز اور کنارہ

یہ مرکز تکیہ غلاف یا چھوٹے میز پوش پر بنایئے۔
سارا مرکز اس طرح کاڑھا جائے کہ ایک پتی بھر کر کاڑھے
اور دوسری پتی ٹپن ہول اسٹچ سے کاٹ کر بنایئے۔

پھول۔ کاسنی – پتیاں سبز۔
شاخیں چاکلیٹی شیڈدار رنگوں سے بنایئے۔

یہ کنارہ چادر اور میز پوش پر معمولی سفید یا پلین کے
بنا کر یہ کٹائی پیازی رنگ سے کاڑھیے۔ مندرجہ بالا اشیاء پر
پتیاں بھی کٹائی سے کاڑھیے اور سبز رنگ استعمال کیجیے۔

مستبشرہ خاتون

کونہ
یہ کونہ تکیہ غلاف یا میز پوش پر بنائیے۔ رنگین دھاگہ استعمال کیجیے۔
الف خاتون
چوڑی بیل
اس بیل کو میز پوش اور پلنگ کی چادر پر بنائیے۔ رنگ حسب مرضی۔ یا بڑا پھول ۔ گلابی پتے ۔ سبز۔ اور حلقہ ۔ آسمانی بنائیے۔ × ایسے نشان کاٹیے۔
مقصدہ شہود رباب

سلمہ ستارہ کا کام

باسکٹ

پتیاں سلمہ سے ۔ ڈال گجائی سے ۔ چھوٹے پھول بازار کے تیار شدہ ۔ سلمہ کے پھول جو بالکل اسی سائز کے اور اسی وضع کے ملتے ہیں۔ بڑے پھول اور پتیوں کے اطراف گجائی یا بٹے ہوئے رنگین کلابتون سے ۔ نسیں سلمہ سے۔ گول ० ایسے نشانوں پر ستارہ ہمراہ پوتھ جڑئیے۔ باسکٹ کا حلقہ گجائی یا رنگین کلابتون سے کاڑھیے۔ زیرہ گل سلمہ کے ہیں ٹکڑوں سے بنائیے۔

دختر سید معصوم علی

ٹی کوزی پر باسکٹ
یہ باسکٹ ساٹن یا مخمل کی
ٹی کوزی پر سلمہ ستارہ سے بنائے
پتیاں پھول اور تمام ایسے ... نشان
سلمہ سے ڈالیاں بٹے ہوئے کلابتون سے
٥٥٥ ان نشانات پر ستارہ جڑئیے۔ چوڑی
ڈالیاں کلابتون کی دوہری کرٹ سے
کاڑھیں ۲ یا سوئی سے دہرا ٹانکا لیں۔
میں نے بازار سے ایک پلنگ پوش خریدا تھا اس کے کونوں پر یہ باسکٹ بنی ہوئی تھی
مستبشرہ خاتون

کراس اسٹیچ ورک

گلدستہ

یہ گلدستہ ٹی کوزی کے چاروں کونوں پر دے ہوئے رنگوں میں کاڑھئے۔ اس کے علاوہ یہی نقشہ اگر کروشیے میں بنایا جائے تب بھی بہت اچھا معلوم ہوتا ہے۔

• ۔ سرخ ۔ × ۔ سبز

▨ ۔ بادامی یا زرد ۔

۷ ۔ نیلا ۔

٥ ۔ کالا یا کوئی پسندیدہ رنگ

بیگم محمد سمیع اللہ

ایمبرائیڈری کو لبوٹ

خاکہ

یہ خاکہ میز پوش کے کونوں پر بنائیے

بنت بدرالدین
بارہ بنکی

رنگائی کا کام

دوپٹہ

ضروری اشیاء :-
دوپٹہ - پیالے ۲ عدد -
بانس کی کھپچیں ۲ عدد -
گلابی و سبز رنگ - اراروٹ - پھٹکری - گوند -

پہلے دوپٹہ میں اراروٹ کا کلف دیں - پھر ذرا خشک کر لیں - اب اس کی لمبان میں نمبر (۱) کی طرح تین تہ کر لیں - پھر اس کو چوڑان سے تہ کریں - چوکور کپڑا دوپٹہ پر پلیٹ دیں اب اس طرف گھما کر پلیٹ دیں - اسی طرح پورا دوپٹہ ختم کریں - دیکھئے نقشہ نمبر (۲) - ایک کھپچ نیچے ایک اوپر رکھ کر ڈوری سے نمبر (۳) کی طرح باندھ دیں - اب رنگنا شروع کریں - جو ہی نما نشان کے نیچے جگہ خالی ہے اس کو سبز رنگ سے اسطرح رنگیں کہ پھیلنے نہ پائے - وہی نما گلابی رنگ میں ڈوری سے - دیکھو نقشہ نمبر (۴) رنگتے وقت ہر تہ کو پلٹ کر دیکھ لیں ورنہ دھبہ آجائے گا - رنگنے کے بعد کھپچیں کھول دیں اور ہاتھ پر خشک کر کے چن کر گوٹہ لگا کر اوڑھیں -

ایم - بی بیگم

نمبر (۱)

نمبر (۲)

نمبر (۳)

نمبر (۴)

تیار شدہ دوپٹہ

Jauhar-e-Niswan November 1943

جب آپ سلائی کا دھاگہ خریدیں

بہترین قسم کے دھاگہ کا ایک خاص نام ہوتا ہے۔ وہ نام "درزی" ہے۔ جب کبھی آپ کو سینے کے لئے دھاگہ کی ضرورت ہو تو آپ ہمیشہ ہندوستان کی اس عمدہ ایجاد کو طلب کریں اور یہ اچھی طرح اطمینان کر لیں کہ دوکاندار آپ کو "درزی" ہی مارکہ دھاگہ پیش کرتا ہے۔

اسٹاکسٹ و تھوک فروش درخواستیں بھیجیں

ہندوستان میں تیار کنندہ

ایکمے تھریڈ کمپنی لمیٹڈ

بنک آف بڑودہ بلڈنگ اپولو اسٹریٹ

بمبئی

Jauhar-e-Niswan November 43

آج کل صابن کی جتنی مانگ ہے اُسکا پورا کرنا ہمارے لئے ذرا مشکل ہو رہا ہے جسکے دو خاص سبب ہیں پہلے غیر ملکی صابن کثیر مقدار میں ملتا تھا جس سے مانگ پوری ہو جاتی تھی اب یہ غیر ملکی صابن ہندوستان نہیں پہنچ سکتا ہے اسلئے اب صابن کے ملکی کارخانوں ہی کو آپ کی ضرورتیں پوری کرنی پڑتی ہیں - جن چیزوں سے صابن تیار ہوتا ہے بدقسمتی سے انھیں چیزوں کی جنگی سامان بنانے کے لئے ضرورت پڑتی ہے اس لئے اب جنگی ضرورتوں کی مانگ پوری کرنے کی وجہ سے ہمارے کارخانوں کے مال کی شائد کم ہو گئی ہے - ان مشکلات کے باوجود آپ کو جس قسم کا صابن پسند ہو وہ آپ کو ہندوستان کے ہر شہر میں مل سکتا ہے

قیمتیں

جن چیزوں سے صابن تیار ہوتا ہے، جنگ کے زمانے میں اُن کی قیمتیں بہت چڑھ گئی ہیں - مجبوراً انھیں کی مناسبت سے صابن کی قیمتیں بھی چڑھانی پڑی ہیں - اس وقت صابن سازی کے ذریعے سے بیحساب روپیہ کمانا ہرگز مقصود نہیں ہے بلکہ درحقیقت ہر وقت کسی نہ کسی ایسے موقعہ کو کارآمد بنانے کی کوشش رہتی ہے جس سے قیمتیں گھٹ سکیں - ایسی صورتیں بیشک ہیں کہ جن میں بے حساب نفع خور بیوپاری مال کی کمی کا فائدہ اٹھا کر گاہکوں سے من مانی قیمتیں وصول کر رہا ہے لیکن اسکے ساتھ ہی گاہکوں کو جو واجبی قیمتیں دینی چاہئیں ہم ان کا برابر اعلان کرتے رہتے ہیں اگر آپ ہماری اعلان کردہ واجبی قیمتوں سے زیادہ قیمتیں دینے سے انکار کر دیں گے تو آپ درحقیقت بے حساب نفع خور بیوپاری سے نپٹنے میں اپنی اور ہماری دونوں کی مدد فرمائیں گے

سوکھا رکھیئے

کبھی صابن کو ضائع نہیں کرنا چاہئے
صابن کو استعمال کرتے وقت پانی میں نہیں رکھنا چاہئے اسلئے ایسا کرنے سے وہ گھل جاتا ہے - جن اوقات میں وہ استعمال نہ ہو رہا ہو تو اسے سوکھی حالت میں رکھنا چاہئے - صابن استعمال کرتے کرتے اسکی جو آخری پتلی سی رہ جاتی ہے اسے پھینکئے نہیں بلکہ نئی ٹکیہ پر چپکا کر کام میں لاتے رہئے تاکہ اسکا ہر جزو خرچ ہو جائے اسکی ترکیب نہایت آسان ہے چپڑی اور نئی ٹکیہ دونوں کو ذرا سے پانی میں تر کیجئے اور چپڑی کو ٹکیہ پر چپکا کر سوکھنے کے لئے چھوڑ دیجئے -

ہمارا عہد و پیمان

لیور برادرس اپنے اس عہد و پیمان کے پابند ہیں کہ وہ قیمتوں کو کم کرنے کے لئے ہر ممکن کوشش عمل میں لائیں گے نیز یہ کہ دوکانداروں کو مال برابر پہنچاتے رہیں گے - ہمارا فرض ہے کہ ہم آپ کی یہ خدمت بجا لاتے رہیں - ہندوستان کی وہ خدمت جو ہم فخر و مباہات کے ساتھ گزشتہ چالیس برس سے بجا لاتے رہے ہیں -

لیور برادرس ان نفیس صابنوں کے بنانے والے

سنلائیٹ — لائیفبوائے — لکس ٹائلیٹ — لکس — لائیفبوائے ٹائلیٹ — ملکی براند

L.6/40.31-178 UD

مشین سے تار کشی کا کام

کونہ

تکیہ غلاف پر مطابق سائز کے کونہ نشان بنا کر تھوڑا تھوڑا کپڑا کاٹتی جائیے اور مشین سے فریم پر کس کر تاگے ڈالتی جائیے۔ ہر جگہ کو دوبارہ پھیرتے وقت دو چار دفعہ فریم گھما لیجئے تو بند کی پڑ جائے گی اب جہاں پھول ہیں ان مقامات پر تاگے کا جال نہ ڈالئے بلکہ لمبے تاگے رہنے دیجئے اور جب آخری تاگہ ڈالیں تو سوئی کو درمیان لا کر سب تار باندھ لیجئے اور فریم گھما گھما کر نمبر ۱-۲ کے دونوں پھول تیار کر لیجئے۔ اسی طرح نمبر ۳-۴ کے پھول تاگے ڈال کر درمیان میں اکٹھے کر کے بند کی بنا لیجئے۔ بیچ کے پھول کا کپڑا قطع نہ کیجئے۔ یا بعد تیاری ایسا پھول تیار کر کے جال پر رکھ کر مشین ہی سے کارڈنگ کر لیجئے۔

اطراف کے کنارے کپڑا سینے کی سوئی سے بٹن ہول اسٹچ کے ذریعہ مستحکم کر لیجئے۔ نصف گھنٹہ کی محنت سے تیار ہو جائے گا۔

نرجس محمود رضوی
آگرہ

جوہر نسواں دہلی

نواں سال | فہرست ماہ جون ۱۹۴۳ء | جلد ۹ نمبر ۶

اطلاع اختتام سال

جن بہنوں کا سال خریداری اس جون کے پرچہ کے ساتھ ختم ہوتا ہے ان کے خریداری نمبر یہ ہیں۔

۳۶۴-۷۷۶-۹۷۶-۱۵۵۶-۱۹۰۴-۱۹۵۳-
۲۰۳۶-۲۳۱۳-۴۳۱۴-۴۳۹۴-۴۳۹۶-۴۴۷۷-
۴۴۹۷-۴۵۳۸-۴۵۴۴-۴۵۵۰-۴۵۵۹-
۴۹۵۵-۵۳۵۶-۵۳۶۷-۵۳۷۲-۵۳۹۲-
۵۳۹۳-۵۴۲۵-۵۵۰۵-۵۵۱۱-۶۱۲۴-
۶۱۳۲-۶۱۳۳-۶۱۵۴-۶۱۵۹-۶۱۶۲-۶۱۶۷-
۶۱۰۸-۶۱۷۹-۶۱۸۲-۶۱۸۹-۶۱۹۳-۶۱۹۵-
۶۱۹۸-۶۱۹۹-۶۲۰۸-۶۲۱۶-۶۲۱۸-۶۲۲۱-
۶۲۲۳-۶۲۲۵-۶۲۳۳-۶۲۳۶-۶۳۹۹-۶۴۵۲-
۶۴۷۶-۶۵۵۵-۶۵۹۹-۶۶۲۸-۶۶۶۸-۶۶۷۲-
۶۶۷۹-۶۷۰۵-۶۷۱۷-۶۷۵۲-۶۸۳۳-۶۸۳۶-
۶۸۵۵-۶۸۵۶-۶۸۶۲-۶۸۶۴-۶۸۶۶ تا ۶۸۶۸-
۶۸۷۰-۶۸۷۴-۶۸۷۹-۶۸۸۰-۶۸۸۳ تا ۶۸۸۶-
۶۸۸۹-۶۸۹۰-۶۸۹۳-۶۸۹۴-۶۸۹۸ تا ۶۹۰۲-
۶۹۰۴-۶۹۰۵-۶۹۰۷ تا ۶۹۱۱-۶۹۱۶ تا ۶۹۱۹-
۶۹۲۱-۶۹۲۵-۶۹۲۷ تا ۶۹۳۰-۶۹۳۴-
۶۹۳۷-۶۹۳۹-۶۹۴۰-۶۹۴۳-۶۹۵۲-۶۹۷۳-
۷۰۱۱-۷۰۵۲-۷۰۷۹-۷۰۸۵-۷۰۸۶-۷۱۱۱-
۷۱۵۱-۷۱۵۸-۷۱۸۷-۷(۱۲۱۹) ۷۳۲۷- جن

بہنوں کے خریداری نمبر اوپر لکھے گئے ہیں وہ مہربانی فرما کر جلد سے بذریعہ منی آرڈر آئندہ سال کا چندہ بھیجدیں اگر کسی وجہ سے آئندہ کے لئے پرچہ بند کرنا ہو تو خریداری نمبر کے حوالے سے (انکاری اطلاع دیدیں ورنہ انکی خاموشی آئندہ سال کیلئے خریداری کی رضامندی سمجھی جائیگی یعنی یہ سمجھا جائیگا کہ آئندہ کے لئے وی پی کا انتظار ہے لہذا جولائی کا رسالہ [illegible] کا وی پی بھیجا جائیگا محترم بہنوں سے امید ہے کہ اپنے پرچہ کو وی پی کی واپسی کا نقصان پہونچائینگی

مینیجر

(باہتمام رازق الخیری پرنٹر و پبلشر محبوب المطابع دہلی میں چھپکر دفتر عصمت دریا گنج کوچہ چیلان دہلی سے شایع ہوا)

خیاطی

پنکھا

سامان:- ڈنڈی رنگین ایک عدد- دھنک سنہری حسب ضرورت- پوتھ سنہری- ایک لچھی- نلکی، ٹیوب سنہری- ایک لچھی- ریشمی ململ سبز ایک پٹی- ریشمی ململ گلابی ایک پٹی تار پیتل باریک تین بالشت-

شکل نمبر (۱)

ترکیب:- سبز ریشمی ململ کی ۱½ بالشت چوڑی اور تین بالشت لمبی پٹی لے کر اسکے کنارے چوڑان کی طرف سے سی لو اور اس کو دوہرا کرکے باریک تیپچی کرکے تاگہ کھینچو دیکھو شکل نمبر (۱) کھینچنے سے بیشتر پیتل کے تار کو گول کرکے کنارے باندھ دو خوب مضبوط اور اس نلکی کے اندر ڈال دو جب تاگہ کھینچو گی تو تار پر پٹی فٹ ہوکر گول دائرہ بن جائیگا- اب درمیان کا خلا مضبوط سی کر گلابی ریشمی ململ سے گلاب کا ایک پھول بنا کر دونوں جانب ٹانک دو- زیرہ کی جگہ پھول میں پوتھ یا ستارے ٹانک دو- اور گلابی ریشمی ململ کی ڈیڑھ انچ چوڑی لمبی

خوب چنٹ دار جھالر تیار کرو۔ جھالر کے سامنے والے کنارے پر دھنک ٹانک لو۔ اسی طرح دوسری کر کے کر دونوں جانب نظر آئے۔ اور اندرونی جانب کپڑا الوٹ کر خوب مضبوط مشین سے سی کر مہین فیتہ کی چنٹ پر گوٹ لگا دو۔ اب بوگولا تیار کیا ہے اس کو اور جھالر کو موتیوں کے ذریعہ جوڑ لو جو تیار نقشہ سے نمایاں ہے اور ڈنڈی مضبوطی سے ٹانک دو۔

مسز امیر حامد رضا جعفری

پوری آستین کی قمیص

یہ قمیص سفید آرگنڈی یا وائل کی بنائیں۔ حسب نقشہ تراش کر فٹ کاٹ سی لیں آستین کا چوڑان معمولی سے زیادہ کاٹیں اور کافی چنٹ ڈال کر بنائیں۔ جیسا کہ نقشے سے عیاں ہے۔ دامن والا پھول ضروری نہیں۔ اگر مرضی ہو تو بنائیں ورنہ نہیں۔

مقصدہ شہو درباب

جوہر نسواں دہلی
کشیدہ کاری تکیہ کا کونہ
حسب ذیل رنگوں سے بنائیے
تتلیاں - زرد
پھول اور کلیاں
سرخ - ڈال
چوکلیٹ -
پتیاں - کاہی
چھوٹی ڈنڈیاں - سبز
نکتے - کاہی - چڑیا -
نیلی - پر - چونچ - آنکھیں
بادامی - نیچے کا
خاک گندمی -
ڈوری
اور
سویٹ
ڈریم -
اودے
ریشم سے
بنائیے -
SWEET DREAM
نجم آرا بیگم - کلکتہ
چوڑی بیل
سرخ
نیلا
بڑا پھول - سرخ -
چھوٹا پھول - نیلا -
پتیاں - گہرے سبز ڈی - ایم - سی سے دوپٹہ یا ساڑی پر کاڑھیں -
حمیدہ خاتون - کلکتہ

ڈالی
:- بڑا پھول- گہرا عنابی - چھوٹا پھول گہرا عنابی-
پتیاں سبز - ڈال چوکلٹ
کلی- گہری عنابی - پیندی کلی سبز -
پندکیاں- ہلکی سبز -
مسز مستبشرہ محمد احمد- دہلی
کونہ:- حسب پسند رنگوں سے بنائیے-
صفدری خاتون
بارہ بنکی

طاؤس کی جوڑی

میز پوش کے لئے خوشنما ڈیزائن۔ قسمتی رنگوں سے کاڑھیے۔

اصغری خاتون

کاغذ کی گرانی بلکہ نایابی کی وجہ سے اخبارات و رسائل اس وقت موت اور زندگی کی کشمکش میں مبتلا ہیں ایسے نازک وقت میں بھی اگر آپ جوہر نسواں کی مدد نہیں کر سکیں تو وی پی واپس کر کے تو خدارا اسے نقصان نہ پہونچائیے -

منیجر

اپلیک ورک اور زنجیرہ کا کام

میز پوش کا پھول

یہ پھول اپلیک ورک اور کشیدہ سے بنائیں۔ رنگ درج ہیں۔

مس زہرا بیگم

میز پوش کا کونہ

یہ کونہ اپلیک ورک اور کشیدہ سے تیار کیجئے۔ پتیاں کشیدہ کی جائیں گی۔

بنت بدرالدین

اپلیک ورک
چوڑی بیل
مفصل ترکیب کئی مرتبہ جوہر نسواں میں شائع ہو چکی ہے۔ لہٰذا بار بار لکھنا بے کار ہے
امید ہے بہنیں با آسانی تیار کر لیں گی۔
اصغری بیگم۔ بارہ بنکی
سنگر مشین کی کرامت
گلاب کی ڈالی
(ترکیب صفحہ ۱۰ پر دیکھیے)

حسب پسند کپڑوں پر بھری کرامت سے کاڑھئے۔ پتیاں۔ سبز — پھول شیڈڈ گلابی — زیرہ اور پتیوں کی نسیں اور ڈنڈی چوکلٹ — بھری سبز پتیاں کاڑھ کر اوپر چوکلٹ رنگ سے بخیہ کرامت سے نسیں کاڑھ لیں گل پھول سے قدرے گہرے رنگ کی ہو تاکہ کلارکس ریل نمبر ۱۵ استعمال کریں۔

بلقیس خانم۔ جالندھر

کٹائی کا کام

مرکز

میز پوش پر بنائیے۔ کراس نما نشان قطع کئے جائیں گے۔

یہ سب نشان کاٹ کر بنائیں

پھول کشیدہ کریں۔

بملا دیوی

کراس اسٹیچ ورک

مرکز اور بیل

مائی کلاتھ کے سفید ٹیبل کور پر اطراف یہ بیل کاڑھئے اور وسط میں یہ خاکہ بنیے اور خوشنما رنگ استعمال کیجئے

اور ٹانکوں کی نفاست کا خیال رکھئے۔

مس ٹی ذوالفقار
کوہاٹ

کراس اسٹچ کا طریقہ

کروشیا کا کام

فراک

تاگہ سوتی یا ریشمی حسب مرضی۔ ناپ موافق جسم۔ کروشیا نمبر ۲ فولادی ۔ ناپ جسم کے برابر گھیر کی طرف دونوں حصوں کے لئے زنجیرہ (چین) بنا لیجئے۔ اور اس پر پوری لائن خانے بنائیے۔ خانوں کے اوپر حسب نقشہ فراک ڈبل اور جالیاں بناکر بنتی آئیے۔ فراک کی شکل کے مطابق خانے گھٹاتی جائیے۔ جب گلے کے پاس آ جائیں تو پیچھے سے برابر رکھئے اور آگے سے وی نما خالی جگہ چھوڑ دیجئے بعدہٗ آستین بن لیجئے۔ کندھوں پر تاگہ جوڑ کر حسب نقشہ تیار کیجئے۔ آستین بنا لینے کے بعد گلا علیحدہ تیار کر کے خالی مقام پر ٹانک لیجئے۔ اور فراک کے گھیر میں کنگورہ بن لیجئے۔ کالر حسب نقشہ تیار کیجئے۔

کالر

مسز ناصر حسین

لچکے کا کام

دو بیلیں

بیل نمبر (۱):-
ضروری اشیا:- لچکہ - گوکھرو - ستارہ -
ترکیب:- پہلے لچکہ کو لئی لگا کر باریک کپڑے پر چپکا لیں۔ پھر نقشہ کے مطابق پتیاں کاٹ کر برابر برابر سوئی سے ٹانک دیں۔ پھر گوکھرو لگا کر تیار کر لیں۔ گول نشانوں پر ستارہ لگائیں۔ غرارہ پر بہت عمدہ معلوم ہوگی۔

بیل نمبر (۲):-
ضروری اشیاء:-
لچکہ ڈھائی انچ چوڑا پانچ گز۔ بھوگی ۳ ماشہ۔ ستارہ چھ ماشہ۔ تار گوکھرو ایک تولہ - پہلے لچکے کو باریک کپڑے پر لئی لگا کر چپکا لیں۔ بعد میں نقشہ کے مطابق جوڑے کاٹ لیں اور پتیاں پھر برابر برابر تار گوکھرو کے ساتھ ٹانک لیں۔

مس ممتاز افتخار - کالپی

زچّہ کی پٹّی

زچّہ اور بچّہ کے سر پر باندھنے کی پٹّی

:- ساٹن یا مخمل۔ سرخ یا نیلی۔ سلمہ سنہری۔ ستارہ سنہری۔ گجائی سنہری۔

بچّہ کی پٹّی

تار گوکھرو سنہری۔ اطراف تار گوکھرو ٹانک کر پتیاں سلمہ سے بنائیے اس طرح۔ بندکیاں ستاروں سے۔ لہر گجائی سے۔ چاند کا حلقہ گجائی سے۔ چاند زچہ کی پٹی کا ستارہ جڑ کر بنائیے اور بچّہ کی پٹی کا سلمہ سے۔ " " ایسے نشان سلمہ سے بنائیے بعد تیاری استر لگا کر سی لیجئے اور کناروں پر فیتہ کے بند ٹانک لیجئے۔ بچّہ کی پیدائش کے ساتویں روز اکثر گھرانوں میں زچہ تارے دیکھتی ہے اس وقت یہ پٹی سر پر باندھی جاتی ہے۔ ایک بہن نے مکرر فرمائش کی تھی اس لئے یہ پٹی درج رسالہ کی جاتی ہے۔

غدیر فاطمہ

ربن کا کام

کونہ

یہ مخملی برگ و گل کا کونہ بنیں
حسب پسند چیزوں پر بنائیں

آر۔ کے۔ درخشاں

دستی بیگ

مخمل یا ساٹن گہرے رنگ کی۔ ربن خوش رنگ چوڑی
برائے پھول۔ ربن سبز پتلی برائے پتی۔ ستارہ نیلے۔
سلمہ سنہری۔ موتی سفید امیٹیشن گول چھ بٹن
دو عدد۔ شنائل کی بٹی ہوئی مضبوط ڈوری
نصف گز۔

مخمل پر مندرجہ بالا
خاکہ منتقل کر کے پھول ربن
سے ٹانک کر بنائیے۔ پتیاں
ٹانک کر بنیں گی۔ گول نشانات پر
نیلے ستارے ٹانکیے۔ درمیان میں سلمہ کے ٹکڑوں کے ساتھ بھی ستارہ جڑیئے۔ بعد تیاری حسب نقشہ بیگ کے دو حصے کاٹ کر
استر لگا کر سی لیجئے منہ پر بٹن ٹانک دیجئے اوپر ڈوری ٹانکئے اور اطراف سفید موتی۔

ادارہ

زچہ اور بچہ کے سر پر باندھنے کی پٹی

:- ساٹن یا مخمل۔ سرخ یا نیلی۔ سلمہ سنہری۔ ستارہ سنہری۔ گجائی سنہری۔

تارگوکھرو سنہری۔ اطراف تارگوکھرو ٹانک کر پتیاں سلمہ سے بنائیے اس طرح۔ بندکیاں ستاروں سے۔ لہر گجائی سے۔ چاند کا حلقہ گجائی سے۔ چاند زچہ کی پٹی کا ستارہ جڑ کر بنائیے اور بچہ کی پٹی کا سلمہ سے۔ " " ایسے نشان سلمہ سے بنائیے بعد تیاری استر لگا کر سی لیجیے اور کناروں پر فیتہ کے بند ٹانک لیجیے۔ بچہ کی پیدائش کے ساتویں روز اکثر گھرانوں میں زچہ تارے دیکھتی ہے اس وقت یہ پٹی سر پر باندھی جاتی ہے۔ ایک بہن نے مکرر فرمائش کی تھی اس لئے یہ پٹی درج رسالہ کی جاتی ہے۔

غدیر فاطمہ

ربن کا کام

کونہ

یہ مخملی برگ و گل کا کونہ بہنیں
حسب پسند چیزوں پر بنائیں

آر۔ کے۔ درخشاں

دستی بیگ

مخمل یا ساٹن گہرے رنگ کی۔ ربن خوشرنگ چوڑی
برائے پھول۔ ربن سبز پتلی برائے پتی۔ ستارہ نیلے۔
سلمہ سنہری۔ موتی سفید ایمی ٹیشن گول ٹیچ بٹن
دو عدد۔ شنائل کی بٹی ہوئی مضبوط ڈوری
نصف گز۔

مخمل پر مندرجہ بالا
خاکہ منتقل کر کے پھول ربن
سے ٹانک کر بنائیے۔ پتیاں
ٹانک کر بنیں گی۔ گول نشانات پر
نیلے ستارے ٹانکیے وسط گل میں سلمے کے ٹکڑوں کے ساتھ بھی ستارہ جڑئیے۔ بعد تیاری حسب نقشہ بیگ کے دو پرت کاٹ کر
استر لگا کر سی لیجئے منہ پر ٹیچ بٹن ٹانک دیجئے اوپر ڈوری ٹانکئے اور اطراف سفید موتی۔

ادارہ

ربن اور سلمہ ستارہ کا کام

بلاؤز کا گریبان

ترکیب:- ریشمی بلاؤز کا وی شا گریبان بنا کر کناروں پر گوٹ لگا لیجئے۔ بڑا پھول ربن سے بنائیے ڈالیاں ریشم سے کاڑھئے۔ چھوٹے پھول سلمہ سے بنائیے۔ جلد تیار ہو جانے والا بہترین گریبان ہے۔

ادارہ

کتابوں کی قیمتوں میں اضافہ:- عصمت بکڈپو نے کتابوں کی قیمتوں میں کاغذ کی بے حد گرانی کے باوجود ابھی تک اضافہ نہیں کیا تھا لیکن اب مارچ سے کتابوں کی قیمتوں میں ۴ر فی روپیہ اضافہ ہو گیا ہے۔ منیجر

جالی کا کام

گلاس پوش

سفید جالی کا گول ٹکڑا کاٹ کر سفید چینی ریشم سے خاکہ مندرجہ کاڑھ لیجئے اور کنارے ہمین سی کر مشین کر لیجئے یا سوئی سے صفائی سے سی کر کروشیا نمبر ۵ سے اطراف کنارہ بنا لیجئے۔ آسان اور بہت کار آمد چیز ہے۔ گلاس کے علاوہ چائے کی پیالیوں پر ڈھکنے کے کام بھی آسکتا ہے۔

زبیدہ یوسف حسن

سلمہ اور شکوسی ستاروں کا کام
باسکٹ
پھول ۔ نیلے گلابی اور سرخ ستاروں سے
پتیاں ۔ سبز ستاروں سے ۔
ڈالیاں ۔ سلمہ سے ۔
باسکٹ ۔ سلمہ سے ۔
گول نشان ۔ ستارے
نوٹ :۔ سب ستارے
پتی نما لگیں گے ۔
کچھ گول ستارے ۵ ایسے
اور کچھ ۰۰ ایسے ۔
نیلا
گلابی
سرخ
نیلا
سرخ
کالا
کالا
باسکٹ
سخاوت حسین ۔ رانچی

"...nar-e-Niswan" Delhi

Regd.

یادگار محترمہ خاتون اکرم جنت مکانی

Regd. 1934

جملہ حقوق محفوظ

جوہرِ نسواں دہلی

جلد ۲ اسم ۲

مارچ

۱۹۳۳ء

جوہر نسواں دہلی

نواں سال | فہرست ماہ مارچ ۱۹۴۳ء | جلد ۸ نمبر ۱

آپ اور ہم

فروری کے جوہر نسواں سے آپ کو معلوم ہوا ہوگا کہ ابکے مارچ میں خاص نمبر شائع نہ ہوگا۔ جوہر نسواں کی اشاعت کا یہ نواں سال ہے اور نو سال میں یہ پہلا موقع ہے کہ خاص نمبر کی اشاعت ملتوی کرنی پڑی۔ اس کی ایک اور صرف ایک وجہ ہے۔ کاغذ کا فراہم نہ ہو سکنا۔

جوہر نسواں سفید کاغذ پر چھپتا تھا جب اس کاغذ کے ۹۰ فیصدی حصہ پر گورنمنٹ کا قبضہ ہو گیا تو باقی ۱۰ فیصدی کا نایاب ہونا یقینی تھا اور جوہر نسواں کے لئے اس کا حاصل کرنا قریب قریب ناممکن۔ اخباری کاغذ پر ستمبر ۱۹۴۲ء میں گورنمنٹ کا کنٹرول ہوا تو جوہر نسواں کو صرف کتابوں کے اشتہارات کی کاپی کا کوٹہ دیا گیا۔ کیونکہ نمونے اور مضامین سفید کاغذ پر چھپتے تھے۔ سفید کاغذ تو نایاب تھا ہی رف یعنی اخباری کاغذ پر گورنمنٹ کا کنٹرول ہونے سے جوہر نسواں کو بڑی کوششوں سے کئی گنی قیمت پر کاغذ دوسرے ذرائع سے خریدنا پڑتا تھا۔ ایک کاپی یعنی آٹھ صفحوں کا جو کوٹہ گورنمنٹ نے شروع میں دیا تھا کچھ مدت بعد اس میں بھی ۲۰ فیصدی کی کمی کر دی گئی اور تین ماہ بعد مزید ... فیصدی کی۔ اور اب جنوری میں جو کوٹہ ملا ہے اس میں ۷۵ فیصدی کی اور کمی کر کے تین مہینوں کے لئے ایک رم بھی تو نہیں دیا گیا۔

پرچہ کو زندہ رکھنے کے لئے ہم مجبور تھے کہ جہاں سے جس قیمت میں کاغذ فراہم ہو سکے خریدا جائے۔ چنانچہ ۲۵۔ ۳۰۔ اور ۳۵۔ بلکہ ۵۲ روپیہ ریم تک ہم نے کاغذ خریدا۔ جبکہ دوسرے اخبارات اور رسائل کو ۸/۷ اور ۱۰ روپیہ ریم کے حساب سے کاغذ مل رہا تھا۔ اب ۱۸ فروری کو گورنمنٹ نے جو اعلان کیا ہے اس کا خلاصہ یہ ہے کہ جس مقدار میں کاغذ کی اجازت ہے اس کے علاوہ کہیں سے بھی یہ کاغذ نہیں خریدا جا سکتا۔

ان حالات میں مارچ کا خاص نمبر شائع ہونا قطعی ناممکن تھا۔ اب تو ۲۰ بلکہ ۲۴ صفحوں کے رسالہ کو بھی غنیمت جانئے۔

رازق الخیری

(باہتمام رازق الخیری پرنٹر پبلشر محبوب المطابع دہلی میں چھپکر دفتر جوہر نسواں کوچہ چیلان دریا گنج دہلی سے شائع ہوا)

خیاطی

فراک

اس قسم کا نشان دوسرے کپڑے کا بنائیں اور آستین میں بھی اسی قسم کا کپڑا لگائیں۔

راقمہ عصمت

انڈرویر

سفید لٹھے۔ سلک یا بوسکی کا انڈرویر اس طرح بنائیے کہ دو بالشت لمبا اور مطابق چوڑائی جسم چوڑا کپڑا پشت اور سامنے کے لئے لے کر دوہرا کر لیجئے۔ پچھلا حصّہ سادا رہے گا اگلے حصّہ میں مطابق نقشہ پھول پتے ٹرنس کر کے سفید چمکدار دھاگوں سے کاڑھ لیں۔ کنگورے بٹن ہول اسٹچز سے بنائیے اور پھول و مرباں بھی۔ بعدہ اوپر والے کنگورے باریک قینچی سے تراش لیجئے اور اندر والے ایسے ہی رہیں گے۔ نیچے کپڑا موڑ کر بلینگ بنا لیجئے اور دونوں حصوں کو جوڑ کر سی لیجئے۔ سیون بغل کے کسی طرف آنی چاہئے۔ پھر اوپر کی طرف دو انگل چوڑے خوبصورت سلے ہوئے بند لگا دیجئے۔ بندوں کی لمبائی ڈیڑھ بالشت کافی ہوگی۔ حصّہ پشت اور سامنے کے حصّہ میں ان کو صفائی سے ٹانکئے۔ خوبصورتی کے لئے اِدھر اُدھر کوئی مہین کنگورا بھی لگایا جا سکتا ہے۔

زبیدہ یوسف حسن جعفری

(آگرہ)

پوری آستین کا جمپر

مورکین، ویل ڈین۔ ساٹن۔ شاموزیا
کسی موٹے کپڑے کا مطابق نقشہ نمبر ۱۔۲۔۳
۴۔۵۔ جمپر ہوشیاری سے تراش کر مکمل جمپر
کی مانند سی لیجئے۔ کف کالر اور جیب کی گوٹ و
بٹن اگر دوسرے رنگ کے کپڑے لگائیں۔

امیر حامد رضا جعفری (بنگلور)

رومال کے پھول
دونوں پھول رومال
کے کونوں پر بنائیے
فیروزی
عقیلہ خاتون کولار

کونہ
تکیہ کے غلاف پر بنائیے۔
صغیرہ خاتون بدایوں
کونہ
مس حلیم النساء مرزا
پلونا

کشیدہ اور چکن کاری

چوڑی بیل

یہ بیل پاجامہ کی گوٹ اور پلنگ کی چادر و دیگر کپڑوں پر بنائیے۔ رفل وائل یا لٹھے پر نقشہ منتقل کر کے ڈی ایم سی کاٹن نمبر ۱۲ سے کاڑھیے۔

پتیاں تمام کشیدہ کاری دوہری کرہت سے کاڑھیے ڈالیاں موٹرا کرہت سے اور پھول قطع کر کے کٹائی کی طرح بنائیے جہاں جہاں × ایسے کراس نما نشان ہیں وہ سب حصہ قطع ہوگا۔ کنگوروں کے اوپر کی جالیاں جالی بنیں گی سب بیل تیار کر کے کنگورے کاج نما ٹانکوں سے کاڑھ کر مہین نوکدار قینچی سے فاضل کپڑا کتر کر نکال دیجیے

محمودہ خاتون

سنگر مشین سے کشیدہ اور کٹائی کا کام
یہ بیل میز پوش پر بنائیے۔
پھول گلابی۔ پتیاں اور ٹہنیاں سبز
کراس نما نشان قطع کیجئے۔
بیل اور مرکز
یہ مرکز میز پوش پر
بنائیے۔ کراس نما
نشان قطع کئے جائیں گے
اصغری خاتون بارہ بنکی

اکہرے ٹانکہ کی کڑھت
درمیانی خاکہ
میز پوش۔
پلنگ پوش۔
غلاف تکیہ پر
بنائیے۔ کڑھت کی
تفصیل کے لئے ملاحظہ
ہو کتاب "کڑھت کی قسمیں"
راویہ بیگم۔ للولی
شنائل کا کام
انگوری بیل
پتے اور ڈالیاں سبز شنائل سے۔
انگور کتھئی شنائل سے۔
پتوں کے درمیان ستارے لگائیے۔
بنت بدرالدین خاں

بیل

کلابتون اور کامدانی کا کام

اس بیل کو ریشمی ساڑی پر سنہرے بٹے ہوئے کلابتون سے بنائیے۔ گول نشانات کامدانی کی بندکیاں رہیں گی۔ اگر پسند کریں تو ہمراہ کلابتون ستارے لگائے جائیں۔

رفیعہ نازلی۔ دہلی

جوہر نسواں دہلی

ربن اور شکوسی کا کام

گلدستہ

بہنیں اس گلدستہ کو ستاروں سے بنائیں۔ لائنوں پر پتلی ربن لگا کر باقی ہر جگہ حسب نقشہ ستارے لگائیں۔ دھاگہ سے بھی کشید کر سکتی ہیں یہ ٹی کوزی کشن یا فریم کیلئے موزوں ہے۔

مقصودہ خاتون۔ دہلی

شکوبسی ستاروں کا کام

تتلی

یہ تتلی میز پوش۔ کار… پوش۔ کرسی کے گدوں پر بنائیے۔ مگر خیال رہے کہ جس چیز پر بنایا جائے وہ کپڑا اودا سبز اور شوخ رنگ کا ہو کیونکہ عام کشیدہ کاری کی طرح ستاروں وغیرہ کا کام ڈھل نہیں سکتا۔ اس تتلی کو کپڑے پر ٹریس کر کے وہ جگہ جو کالی ہو رہی ہے ریشم سے بھر دیجئے۔ پھر پروں پر ستارے لگائیے اور باہر چھوٹے گول ستارے لگائیے۔

مستبشرہ خاتون۔ دہلی

سلمہ کا کام

گلاب

ریشمی جمپروں کے گھیر اور گلے پر۔ بکس کے غلاف و متعدد کپڑوں پر یہ گلاب خالص سلمہ سے بنائیے۔ مزید تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو تیار شدہ حصہ نمبر ۱

غدیر فاطمہ

گلہائے مخملی اور سلمہ کا کام
فراک کا گلا
ساٹن کی فراک پر مندرجہ طریقہ کا گلا بنا کر
اطراف نقشہ ٹریس کر لیجئے۔ لہر سنہری کلابتون سے
پتیاں سلمہ سے ایسی اور نشانات پھولوں پر
پٹھے اسی وضع کے مختلف رنگ کے مخملی پھول ٹانک کر
درمیاں ستارہ لگا دیجئے۔ بو کے اوپر کپڑے کا
بٹن بنا کر لگائیے۔ جب فراک میلی ہو جائے پھول
نکال کر دھلوا لیجئے اور پھر وہی
پھول ٹانک دیجئے۔
مسعودہ محمد اعظم عباسی
راولپنڈی

گجائی اور سلمہ کا کام

باسکٹ

یہ باسکٹ پھول اور پتوں کے اطراف گجائی ٹانک کر بنائے اور کلیاں پتیاں پھول وغیرہ سب سلمہ سے بھرتے وسط گل چوکلٹ رنگ کی پوتھوں سے بنائیے۔ روپہلی سلمہ کا کام نیلی اور سرخ ساٹن پر اچھا رہے گا۔

آر۔ کے۔ درخشاں
بجنور

کچھ جوہری بہنوں سے

بہنیں نمونے بھیجتے وقت قواعد جوہر نسواں مدنظر رکھیں۔ نمونہ کہیں سے نقل ہو تو حوالہ کتاب، رسالہ وغیرہ ضرور دیں۔ کاغذ جس پر نمونہ ہو اپنا نام ضرور لکھیں۔ نام نہ ہونے کی وجہ سے متعدد نمونے ضائع ہو جاتے ہیں۔ جواب طلب امور کے لئے اپنا پتہ اور کارڈ جوابی یا ۱/ کا ٹکٹ ضرور بھیجیں ورنہ تعمیل ارشاد کی شکایت نہ فرمائیں۔

ایڈیٹر

کراس اسٹیچ ورک

بورڈر

ڈنڈیاں۔ ماشی رنگ کے ریشم سے
پھول اور کلیاں۔ کاسنی رنگ سے
وسط گل۔ زرد رنگ سے۔

یہ حصہ ماشی رنگ سے اور بقیہ
حصہ کلیاں اور پھول کاسنی رنگ
سے مثل دوسری جانب کے
بنیں گے۔
رنگوں کی شناخت کے
لئے نصف حصہ بنایا گیا ہے۔
یہ بورڈر اگر سلسلہ وار پلنگ پوش
اور میز پوشس پہ بنایا جائے تو
بہت خوبصورت معلوم ہوگا۔

مس سید تلمیذ حسین

اونی کام سلائیوں سے

سوئٹر

تیلیوں پر پھندے ڈالتے وقت اس کا خیال رہے کہ پھندے سولہ پر تقسیم ہو جائیں۔ یہ نمونہ سفید اون پر بنائیے۔

نوٹ: دو کا ایک سے مطلب ہے۔ دو ایک ساتھ بنا جائیگا اور دو کے چار یا ایک کے دو سے مطلب ہے اون سامنے لے کر سیدھا بنا جائے گا۔ !!! اب اس طرح شروع کیجئے کہ پہلے جس قدر منظور ہو نیچے کی پٹی بن لیجئے اور پھر نمونہ شروع کیجئے۔

نمبر تیلی: ۱:۔ ۲ سیدھے دو کا ایک چار سیدھے دو کے چار پھر چار سیدھے دو کا ایک اسی طرح پوری تیلی بنئے۔

۲:۔ پوری تیلی اُلٹی بنئے۔

۳:۔ دو سیدھے دو کا ایک تین سیدھے ایک کے دو پھر دو سیدھے ایک کے دو پھر تین سیدھے دو کا ایک پوری تیلی اسی طرح بنئے۔

۴:۔ پوری تیلی اُلٹی بنئے۔

۵:۔ ۲ سیدھے دو کا ایک دو سیدھے ایک کے دو چار سیدھے ایک کے دو ۲ سیدھے دو کا ایک۔ پوری تیلی اسی طرح بنئے۔ ۶:۔ پوری تیلی اُلٹی بنئے۔

۷:۔ ۲ سیدھے دو کا ایک پھر ایک سیدھا ایک کے دو چھ سیدھے ایک کے دو ایک سیدھا دو کا ایک اسی طرح پوری تیلی بنئے۔ ۸:۔ پوری تیلی الٹی بنئے۔

نوٹ:۔ اب نمونہ تیار ہو گیا پھر پہلی تیلی سے شروع کیجئے اور جس قدر درکار ہو بن کر گلا گھٹا لیجئے۔ سوئٹر تیار ہے۔

مس خورشید ظفر حسین

جالدار پتی نما بناوٹ

ترکیب: پہلی قطار:۔ چار اُلٹے ایک سیدھا۔ اون سامنے لا کر تین سیدھے۔ پھر تین ایک ساتھ سیدھے تین سیدھے اون سامنے لے کر ایک سیدھا۔ چار اُلٹے۔

دوسری قطار:۔ چار سیدھے گیارہ اُلٹے چار سیدھے۔

تیسری قطار:۔ چار اُلٹے دو سیدھے۔ اون سامنے لا کر دو سیدھے تین ایک ساتھ سیدھے۔ دو سیدھے۔ اون سامنے لا کر دو سیدھے۔ چار اُلٹے۔

چوتھی قطار:۔ چار سیدھے گیارہ اُلٹے۔ چار سیدھے۔

پانچویں قطار:۔ چار اُلٹے تین سیدھے۔ اون سامنے لا کر ایک سیدھا تین ایک ساتھ سیدھے۔ ایک سیدھا۔ اون سامنے لا کر تین سیدھے۔ چار اُلٹے۔

چھٹی قطار:۔ چار سیدھے گیارہ اُلٹے چار سیدھے۔

ساتویں قطار:۔ چار اُلٹے چار سیدھے۔ اون سامنے لا کر تین ایک ساتھ سیدھے۔ اون سامنے لا کر چار سیدھے چار اُلٹے۔

آٹھویں قطار:۔ چار سیدھے گیارہ اُلٹے۔ چار سیدھے۔

مس نوشابہ بیمول

لہریا:۔

یہ نمونہ ہلکے رنگ کے اون سے بنائیں۔ بچوں کے لئے بھی اس نمونے کے سوئٹر وغیرہ خوبصورت معلوم ہوتے ہیں۔ نمونہ کے لئے۔ اخانہ ڈالیں یا ۱۴۔

پہلی سلائی:۔ سیدھے ۲۔ اُلٹے ۲۔ سیدھے ۲۔ اُلٹے ۲ سیدھے ۲۔ آخر میں سیدھا آنا چاہئے، ۲۔

۲ دوسری قطار:۔ پہلی کی طرح۔ تیسری قطار: ۲ اُلٹے ۲ سیدھے ۲۔ نشان سے شروع کریں آخر میں ۲ اُلٹے آنا چاہئیں) چوتھی:۔ تیسری کی طرح۔ پانچویں: پہلی کی طرح۔ چھٹی: پہلی کی طرح۔ ساتویں اور آٹھویں:۔ تیسری کی طرح۔ اسی طرح بناتے جائیے۔ نمونہ تیار ہے۔

ایک جوہری بہن

کترنوں کی دستکاری

بٹن اور ٹکمہ

وہ کترنیں جن کو بالکل بیکار اور فضول سمجھ کر پھینک دیا جاتا ہے زمانہ حال میں بہت قیمت رکھتی ہیں:- کچھ عرصہ سے یہ چٹ پٹ (جن کو اکثر لوگ چٹکی کے بٹن کہتے ہیں) اس قدر رائج ہو گئے ہیں کہ جس چیز میں دیکھو چٹ پٹ جلوہ افروز ہیں۔ حد ہو گئی کہ لڑکوں کی قمیصوں تک میں چٹ پٹ ٹانکے جانے لگے تھے۔ اس کی وجہ یہ بھی کہ چٹ پٹ نہایت ارزاں تھے۔ لیکن اب اس کی ایک درجن کی قیمت چھ آنے ہے۔ چٹ پٹوں کا کام ان بے کار کترنوں سے بآسانی لیا جا سکتا ہے جو محض فضول سمجھ کر پھینک دی جا سکتی ہیں۔ اب میں عرض کرتی ہوں کہ وہ کیسے لیا جائے۔

آپ جمپر تیار کر کے جیسا مزاج چاہے گلا تراش لیجئے۔ اسقدر خیال رکھئے کہ گلا ایسا تراشیں جو سامنے کھولا جا سکے اور جس قدر ضرورت ہو کھول لیجئے پھر جیسا مناسب سمجھیں کالر یا فرل لگا لیجئے۔ جو جگہ آپ نے چٹ پٹوں کے لئے کھولی ہے اس کے نیچے پٹی لگا لیجئے۔ اب ان سفید کترنوں کے جا بیجا بھی ہوں ان کے چھوٹے چھوٹے بٹن (گھنڈیاں) تیار کر لیجئے۔ اب ذرا لمبی پتلی کترن کی ایک ڈوری سی کر تیار کر لیجئے۔ یہ خیال رہے کہ یہ ڈوری جس قدر باریک اور گول ہو گی اتنی ہی خوبصورت معلوم ہو گی۔ اب یہ بٹن جو آپ نے تیار کئے ہیں جمپر میں اس جگہ جو آپ نے چٹ پٹ کے واسطے چھوڑی ہے داہنی طرف اس طرح ٹانکئے کہ ٹکنے کے بعد ایک دوسرے سے ملے ہوئے معلوم ہوں اور وہ ڈوری جو آپ نے تیار کی ہے ان بٹنوں کی مناسبت سے جمپر کے بائیں طرف ٹانک لیجئے یہ خیال رہے کہ ڈوری اور بٹن کنارہ پر ٹکیں۔

مس خورشید ظفر حسین

اپلیک ورک اور گوٹہ کا کام

کشن

گلابی گہرے رنگ کی چمکدار ساٹن کشن کیلئے:- فیروزی ساٹن۔ پھول کے لئے۔ سبز ساٹن پتیوں کے لئے۔ زرد ساٹن اور آسمانی ساٹن کلیوں کے لئے۔ چوڑا گوٹہ سلمہ گجائی اور سچے ستارے۔ چاکلیٹ رنگ کا ریشم ڈنڈیوں کے واسطے۔ اوّل کشن پر نقشہ ٹریس کر کے کپڑے کے پھول اور پتیاں۔ کلیاں علیٰحدہ علیٰحدہ کاٹ لیجئے مگر ذرا نقشہ سے بڑے ہوں پتوں کے برابر گوٹہ ناپ کر ٹکڑے کر لیجئے پہلے پھول پتیاں کپڑے پر باریک ٹانکوں سے ٹانک دیجئے اسقدر صفائی ہو کہ سب پتیوں کے کنگورے نمایاں رہیں پھر ریشم سے ڈنڈیاں بنا لیجئے۔ اب گوٹے کے ٹکڑے کنارے موڑ کر ہر پتی پر اسقدر صفائی سے لگائیے کہ دیدہ زیب ہوں۔ اب پتیوں پر باریک قینچی سے ذرا احتیاط سے کہ کپڑا نہ کٹ جائے گوٹے میں شگاف دیجئے اور قدرے موڑ کر باریک ٹانکوں سے سی دیجئے۔ اب سلمہ کے خار ستارے دیکر بنا لیجئے پھول کے درمیان بھی ستاروں کا زیرہ بھر لیجئے۔ زیرہ کا حلقہ بھی سلمہ سے بنے گا۔ آپ ہدایات کے مطابق محنت سے بنا کر دیکھئے آپ کا دل خوش ہو جائیگا اور جو دیکھے گا تعریف کرے گا۔

(نمونہ صفحہ ۷ پر دیکھئے)

فیروز بانو گلزار۔ فتح گڈھ

صفحہ ۱۹ کا باقی

:- چھ چھوٹی سنہری ایک ہشت پہلو فالسئی۔ ایک صراحی نما موتی پھر ایک سنہری موتی پرو کر سوئی صراحی نما موتی و باقی ساتوں موتیوں سے گزار کر لڑی بنائیں یا دوسری نماک کی لڑی اس طرح بنائیں۔ دس موتی ہشت پہلو اور پھر تین موتی پرو کر ہشت پہلو سے گزار کر چار چار موتی پرو پرو کر نیچے سے اوپر اور اوپر سے نیچے اسطرح بنائیں کہ ان لڑیوں کے حلقہ میں وہ ہشت پہلو موتی چھپ جائے۔ جالر کی لمبائی ضرورت کے مطابق رکھیں۔

نشاط افزا۔ کلکتہ

کشن
ساٹن نیلی
کچاٹی
ستارے
گوٹہ
(عبارت صفحہ ... پر دیکھئے)
فیروز بانو گلزار

گلدستہ

کروشیا کا کام

مسز حمید۔ لکھنؤ

صفحہ ۱۹ کے باقی نمبر۔ ۶۷۱۱-۶۷۱۳-۶۷۱۴-۶۷۱۶-۶۷۱۹-۶۷۲۱-۶۷۲۸ تا ۶۷۳۰-۶۷۳۸-۶۷۴۱-۶۷۴۲-۶۷۴۴-
۶۷۴۵-۶۷۴۸-۶۷۵۱-۶۷۵۶-۶۷۸۲-۶۸۲۱-۶۸۴۱-۶۹۵۲-۷۰۲۶-۷۰۲۸-۷۰۶۰ (۹۱۵۲) ۱۲۲۳ جن بہنوں کے خریداری
نمبر اوپر لکھے گئے ہیں وہ مہربانی فرما کر جلد سے بذریعہ منی آرڈر آئندہ سال کا چندہ بھیجدیں۔ اگر کسی وجہ سے آئندہ کے لئے پرچہ بند کرنا ہو
تو خریداری نمبر کے حوالے سے انکاری اطلاع دیدیں ۲۰ اپریل تک منی آرڈر یا انکاری خط نہ ملا تو خاموشی کے معنی آئندہ سال کے لئے خریداری کی رضامندی کے ہوں گے یعنی یہ سمجھا جائیگا کہ آئندہ کے لئے
وی پی کا انتظار ہے۔ لہذا اپریل کا رسالہ ہے کا وی پی بھیجا جائے گا۔ قدردان بہنوں سے امید ہے کہ اپنے پرچہ کو وی پی کی واپسی کے نقصان سے محفوظ رکھیں گی۔ مینو

موتیوں کا کام

ہفت لہری جھالر

ترکیب :- پہلے فیتہ پر بنائیں تیرہ تیرہ موتیوں کے چار حلقے پہلی قطاریں بنائیں پھر دوسری میں تین تیسری میں دو۔ چوتھی میں ایک بعدہٗ خاکہ کی شکل کی لڑیاں یوں بنائیں (باقی مضمون صفحہ ۱۶ پر دیکھئے)۔

اطلاع اختتام سال

جن بہنوں کا سال خریداری اس مارچ کے پرچہ کے ساتھ ختم ہوتا ہے ان کے خریداری نمبر یہ ہیں:-

۸۹۱-۹۴۱-۱۵۷۴-۱۶۳۳-۱۶۸۳-[illegible]-۱۷۰۰-
۱۶۰۲-۱۶۱۶-۱۷۱۸-۱۷۳۱-[illegible]۳-۱۸۱
۱۸۷۱-۱۹۴۰-۲۴۲۳-۲۴۵۸-[illegible]-۲۴۶-
۲۴۶۵-۲۴۸۶-۲۴۹۹-۲۵۰۲-۳۱۹۷-
۳۲۰۵-۳۲۲۳-۲۳۰۶-۳۳۰۹-۳۳۱[illegible]-
۳۳۳۱-۳۳۳۲-۳۳۶۹-۳۴۲۹-[illegible]-
۳۴۵۱-۳۴۵۶-۳۴۶۰-۳۴۶۳-۳۴۹۵-
۳۵۷۷-۳۶۲۳-۳۸۵۱-۳۹۲۵-۴۰۷۴-
۴۱۰۸-۴۱۴۹-۴۱۶۱-۴۱۷۸-۴۱۹۱-۴۲۰۱-
۴۲۳۰-۴۳۴۵-۴۲۶۷-۴۲۷۴-۴۲۷۶-
۴۲۸۱-۴۳۲۲-۴۶۸۹-۴۷۰۵-۴۳۴[illegible]-
۵۰۶۷-۵۰۷۲-۵۰۷۸ تا ۵۰۸۰-۵۰۹۱
۵۱۱۲-۵۱۲۸-۵۱۳۲-۵۱۳۵-۵۱۵۷-
۵۱۵۹-۵۱۷۱-۵۱۸۱-۵۱۸۹-۵۱۹۵-۵۱۹۷-
۵۲۰۳-۵۲۰۹-۵۲۶۲-۵۳۱۹-۵۳۳۲-
۵۳۸۴-۵۳۹۵-۵۵۷۲-۵۶۱۷-۵۶۷۷-
۵۷۳۲-۵۸۳۰-۵۹۳۴-۵۹۳۵-۵۹۴۵-
۵۹۵۶-۵۹۶۴-۵۹۶۶-۵۹۷۰-۵۹۷۶-
۵۹۸۳-۵۹۸۶-۵۹۹۷-۶۰۰۲-۶۰۱۹-
۶۰۲۸-۶۰۳۱-۶۰۸۱-۶۰۹۲-۶۲۰۴-
۶۳۶۳-۶۳۶۹-۶۴۴۶-۶۴۴۹-۶۵۱۰-
۶۵۳۱-۶۵۴۱-۶۶۱۱-۶۶۳۴-۶۶۴۴-۶۶۷۳-
۶۶۸۶-۶۶۸۸-۶۶۹۰-۶۶۹۲-۶۶۹۷-
۶۶۹۹-۶۷۰۲-۶۷۱۰ (باقی نمبر صفحہ ۱۸ پر دیکھئے)

اسٹینسلنگ ورک

کونہ

ٹاٹنگ ورک

بیل

اصغری خاتون

Regd. 1984

یادگار محترمہ خاتون اکرم جنت مکانی

جوہرِ نسواں

جلد ۱۸ نمبر ۲

اپریل

۱۹۳۳ء

مالک پرنٹر پبلشر
رازق الخیری
مہتمم

جوہر نسواں دہلی

نواں سال | فہرست ماہ اپریل سنہ ۴۳ء | جلد ۱۸ نمبر ۲

جوہر نسواں کیلئے نمونے

بھیجنے والی بہنیں مندرجہ ذیل باتوں کا خیال ضرور رکھیں۔ ورنہ ان کے نمونے درج رسالہ نہ ہوں گے۔

نمونے بہت صاف اور خوب واضح مضبوط کاغذ پر روشن سیاہی سے بنائے جائیں۔ اگر پنسل سے بنائیں تو نشان خوب گہرے رکھیں تاکہ مٹ نہ جائیں۔ اور کاغذ کے صرف ایک رُخ پر ہوں۔ ایک کاغذ پر صرف ایک ہی نمونہ یعنی کئی نمونے الگ الگ کاغذوں پر بنائے جائیں جس کاغذ پر نمونہ ہے اسی کاغذ پر نمونہ بھیجنے والی بہن کا نام اور نمونہ کا عنوان ضرور لکھنا چاہئے ترکیب بہت آسان اور مختصر ہو مگر ناکافی نامکمل نہ ہو۔

نمونہ کا سائز رسالہ کے سائز سے بڑا نہ ہو تو بہتر ہے نمونہ کسی کتاب یا کسی رسالہ سے نقل نہ ہو۔ لیکن آپ کسی کتاب یا رسالہ کا کوئی بہت ہی خوبصورت اور عمدہ نمونہ جوہر نسواں میں شائع کرانا چاہتی ہیں تو اس رسالہ یا کتاب کا حوالہ ضرور دیں۔

جو نمونے شائع ہو چکے ہیں وہ نہ بھیجنے چاہئیں نئی نئی وضع کے ہونے چاہئیں۔ نمونہ کے ساتھ نمونہ بھیجنے والی بہن کے لئے ایڈیٹر کے نام کے خط میں اپنا نام و مفصل پتہ لکھنا اشد ضروری ہے جو بہنیں جوہر نسواں کے لئے مضامین لکھیں وہ صرف دستکاری ہی کے متعلق ہوں۔ جواب طلب امور یا ناپسند نمونوں کی واپسی کیلئے ۱/ کا ٹکٹ یا جوابی پوسٹ کارڈ آنا ضروری ہے ورنہ جواب نہ دیا جائیگا۔ دھاگوں کی قسمیں۔ کپڑا۔ اون۔ ریشم۔ سوئی۔ موتی۔ ٹیوب غرضیکہ ہر دستکاری کے سامان کے متعلق مضامین اور کونسا دھاگہ کس کپڑے پر مناسب ہے کہاں سے عمدہ دستیاب ہوگا واضح طور پر لکھیں۔

نمونے اور ان کے متعلق خطوط صرف اس پتہ پر آنے چاہئیں کسی کا نام لکھنے کی ضرورت نہیں۔ ایڈیٹر جوہر نسواں دفتر عصمت کوچہ چیلان دہلی۔

(باہتمام رازق الخیری پرنٹر و پبلشر محبوب المطابع دہلی میں چھپ کر دفتر عصمت دریا گنج کوچہ چیلان دہلی سے شائع ہوا)

خیاطی
کنگورے دار فراک
شکل نمبر (۱)
اس طرح باڈی
قطع کرو
کھولنے کے بعد باڈی کی شکل
متعلق نمبر (۱)
کالر نمبر (۲)
ایسے تین ٹکڑے
ایک طرف اور
تین دوسری طرف
لگیں گے یعنی ۶
اور ہر ٹکڑے پر کنارہ پر
جھالر لگے گی۔
جھالر لگا حصہ
بٹن
یہاں چنٹ ڈال کر باڈی میں فٹ ہوگا
گھیر نمبر (۳)
آستین نمبر (۴)

کنگورے دار فراک

(نقشہ صفحہ ۲ پر دیکھیے)

ساٹن اصلی گلابی پیازی یا حسب پسند رنگ کی لے کر اس طرح فراک قطع کیجیے کہ اوپر کا حصہ (باڈی) الگ اور گھیر الگ ہو۔ باڈی کی لمبان کندھے سے کمر تک رہے گی۔ چوڑان بدن کے لحاظ سے۔ آگے اور پیچھے کے دونوں حصوں کو لے کر چوہرا کر لیجیے اور مطابق نقشہ نمبر (۱) کاٹ لیجیے۔ درمیانی کنگورہ ذرا نیچا رہے گا یہ فراک کی خوبصورتی ہے۔ کنگوروں پر کسی دوسرے رنگ کے کپڑے کی صفائی سے گوٹ لگا لیجیے اور گلے پر تین ٹکڑے کر کے نقشہ نمبر (۲) کے مانند گلا لگا دیئے۔ گلے کے کنگوروں پر چنٹ یعنی جھالر لگا لیجیے بہت باریک اور زیادہ جھول کی۔ اب گھیر قطع کر کے مانند نمبر (۳) اور اس کے کنگوروں پر گوٹ لگا کر باڈی کو اس کے اوپر اس طرح لگا دیئے کہ باڈی کے کنگورے گھیر پر آجائیں۔ اب آستین مطابق نمبر (۴) کاٹ کر کنگورے دار کف لگا دیئے۔ اور کفوں کے کنگوروں میں بھی گوٹ لگے گی جیسے رنگ کی گھیر اور باڈی اور گلے میں لگی ہے۔ پھر آستین فراک پر چسپاں کر لیجیے اور گوٹ کے رنگ بٹن منڈھ کر بٹنوں کے نشانوں پر لگا لیجیے۔

غدیر فاطمہ

جمپر

حسب نقشہ تیار کیجیے۔ کندھوں کے پاس اور کف کے اوپر چنٹ ڈالی جائے گی۔

زیڈ۔ جی۔ شکارپور

۹۴
جوہرِ نسواں دہلی
اپریل ۱۹۴۳ء
کشیدہ کاری
کونہ
پھول کاسنی اور گلابی
شیڈ دار۔ پتیاں سبز شیڈ دار
ٹہنیاں چاکلیٹ۔
تکیہ غلاف پر
بنائیے۔
صفدری خاتون
کونہ
پھول۔ گلابی شیڈ دار
کلیاں۔ سرخ "
پتیاں۔ سبز "
ٹہنیاں۔ سبز "
ربن چاکلیٹی
اصغری خاتون

مرکز
تکیہ کے وسط میں بنائیے۔
پتیاں سبز شیڈدار - پھول عنابی شیڈدار
ڈال کاہی سبز - درمیان میں اپنا
نام یا گڈنائٹ لکھیے۔
کوکب جبیں۔ رہتک

ویل کم
تیار کرکے نذر کرا لیجئے۔
WELCOME
مس اشرفی
محمد علی
بیل
یہ بیل چھپر کے گھیر تکیہ کے اطراف بنائیے۔ پھول گلابی۔ ڈال سبز۔ پتیاں سبز۔
مس نوشابہ سیمول۔

اکتوبر ۱۹۴۳ء
جوہر نسواں دہلی
۷
رومال کے پھول
(۱)
(۲)
(۳)
صغیرہ خاتون
رانچی
ربن ورک
سینٹر
آر کے
درخشاں
پھول گلابی ربن سے
پتے سبز چوڑی ربن سے
ہر سنہری تشائل سے
بنائیے

گوٹہ کا کام

طوطے کا پنجرا

اسے بہنیں گوٹے سے ذیل کی چیزوں سے بنائیں۔
طوطا۔ گوٹے سے - پھول پتے پرانے
زری کے کپڑے سے نکال کر اپلیک ورک کی
طرح سلمہ سے ٹانک دیں۔
پنجرا اور گملا نقشی سلمہ سے
بناکر فریم کروالیں۔

ب

Good Luck
(ماخوذ)
جوہر لسان دہلی

باسکٹ:- ہر پتی صرف ایک ٹانکے سے کڑھے گی۔ تاگہ ڈی۔ ایم۔ سی۔ لیجئے۔ بہت خوبصورت کڑھت ہے۔ پتیاں سبز - پھول گلابی - گملہ کتھئی -

مسز صابرہ افتخار۔ پیاگ پور۔

دستی بیگ

سلمہ اور ریشم کا کام

یہ بیگ ساٹن پر بنائیے۔ نمبر(۱) پھول کے چاروں طرف کی پتیاں سلمہ سے بنائیے اور اندر ریشم بھر دیجیے۔ نمبر(۲) گوکھرو کے تار سے نمبر(۳) پر ستارہ لگائیے نمبر(۴) کو سلمہ سے بھر لیجیے اور بازار سے ہینڈل خرید کر لگائیے اندر استر لگے گا۔ **افضال جہاں**

کٹائی کا کام

بیل گول نشانات قطع کر کے تر پائی سے کاڑھئے اور باقی تمام حصہ کشیدہ سے۔ **دختر ڈاکٹر محمد ہاشم**

کروشیا کا کام

چوڑی جھالر

اشیاء ضروری:- ریشم۔ ستارے
سلمہ۔ سادہ سلمہ۔

ترکیب:- مطابق نمونہ جھالر بُنئے۔ بالائی حصّہ کا جال دوہرا بنائیے۔ کنگورے کا جال اکہرا بنایا جائے گا۔ بقیہ نقشہ صاف و آسان ہے۔ سیاہ گول نشانوں سے مطلب ستارہ کا ہے جس کے ڈالنے کی ترکیب یہ ہے کہ جس وقت آپ جال بنانے کے لئے پھندا پہلے زنجیرہ میں جوڑیں تو پیشتر کروشیا نکال کر ستارہ کروشیا پر لیں اور پھر پھندا لے کر ستارہ میں سے گزار کر کروشیا نکال لیں اور ایک چھوٹا ٹکڑا سلمہ کا اس پر چڑھا کر احتیاط سے پھندا نکالیں کہ سلمہ پچکنے نہ پائے۔ اب پھر کروشیا نکال لیجئے اور ستارہ کے نیچے سے ڈال کر پھندا نیچے نکال لیجئے اور حسب دستور جال بنائیے اسی طرح ہر جوڑ پر ستارہ ڈالتی جائیے۔ نیز ستاروں کو بُنتے وقت ہی سیدھے کر دیجئے تاکہ بعد میں اُلٹے سیدھے نہ رہیں۔ کل بُن لینے کے بعد نیچے کی پتلی جھالر سوئی سے بنائیے۔ سادہ سلمہ اور ستارے استعمال کیجئے۔ یہ جھالر مختلف اشیاء پر لگائی جا سکتی ہے۔ دوپٹے کے آنچلوں پر بھی خوبصورت معلوم ہوگی۔ ریشم کے ایک تار سے بنا کر لگائیے۔ ورنہ دوہرے تار سے دوپٹہ کے لئے بھاری ہو جائے گی۔

تحسین فاطمہ برنی۔ سیتاپور

ایپلیک ورک

گلاب کی ڈالی

تکیہ کے غلاف یا میز پوش پر بنائیے۔ یہ پھول رنگ ویلوٹ کے فالتو ٹکڑوں سے بنائیں۔ پتوں کے لئے سبز رنگ اور سبز تاگا پھول کے لئے سرخ یا پیازی رنگ اسی رنگ کا تاگا سب سے پہلے پتہ بنانا شروع کریں۔ رنگ کا ایک ٹکڑا پتہ کے

نیچے رکھ کر ٹانک لیں پھر پتہ نمبر (۱) کی طرح ڈلسیں کے اندر باریک ٹانکے لگا کر کاج نما ٹانکے سے پتہ نمبر (۲) کی طرح بنالیں۔ اسی طرح پھول اور دوسرے پتے تیار کرلیں۔ ڈنڈیاں تاگے سے بنائیں۔ پھول مکمل ہو جانے کے بعد پھول اور پتوں کا اوپر والا کپڑا صفائی سے کاٹ دیں۔ بعد میں پتوں کی نسیں وغیرہ بنالیں صفائی کا خیال رہے۔ پھول تیار ہے۔

مس ایف ایم خاں
جالندھر

شنائل کا کام
پھول

بہنیں اس گلاب کے پھول کو تمام بھر کر شنائل سے بنائیں۔

بڑا پھول ۔ ہلکا گلابی ۔
پتیاں ۔ گہری سبز ۔

مسز مقصدہ شہود رباب

اونی کام سلائیوں سے

سوئٹر کی بنکی دار بناوٹ

دو رنگ کا اون لے لیجئے آدھ پاؤنڈ نیلا اور بنکی کے واسطے ایک لچھی پیلے اون کی یا جو رنگ پسند ہو۔
جس قدر بڑا سوئٹر بنانا منظور ہو اس کے حساب سے گھر ایک سلائی پر نیلے اون سے ڈال لیجئے اور چھ انگل حاشیہ بنا لیجئے۔ جب حاشیہ بن جائے تو ایک سلائی الٹی بنا لیجئے۔
اب بنکی ڈالنا شروع کیجئے۔ سیدھی طرف سے تین گھر بے بنے اتار لیجئے اور ایک پیلے اون سے سیدھا بن کر اتارئیے اس طرح پوری سلائی ختم کر لیجئے۔ اب دوسری سلائی شروع کیجئے۔ الٹی طرف سے تین گھر جو پہلی سلائی پر سے بے بنے اتارے ہیں وہ دوسری سلائی پر بھی بے بنے اتار لیجئے اور پیلے اون سے بنا ہوا گھر اس طرف سے بھی پیلا اون نیچے کر کے سیدھا بن لیجئے اور اون پر کر کے چھوڑ دیجئے۔ اس طرح پوری سلائی ختم کر دیجئے۔
اب تیسری سلائی سیدھی طرف سے شروع ہوگی۔ پوری سلائی نیلے اون سے سیدھی بن لیجئے اور الٹی طرف سے نیلے اون سے پوری سلائی الٹی بنائیے۔ جب دو سلائیاں ایک سیدھی اور ایک الٹی بن جائے تو پھر جس طرح اوپر بنکی ڈالنے کا طریقہ لکھا ہے اسی طرح سے بنکی ڈالتی جائیے لیکن اس بات کا خیال رکھئے کہ دوسری بنکی پہلی دو بنکیوں کے درمیان آنی چاہئے۔ اس طرح پورا سوئٹر بنا لیجئے۔

بیگم حامد علیخاں بڑاگاؤں

ایک نمونہ (از انگریزی)

